وفیات

سید ثناء اللہ شاہ صاحب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث رانیوال سیداں (گجرات) کو صدمہ

مورخہ ۱۳ جنوری کو سید ثناء اللہ شاہ صاحب کے بھنوئی وکزن سید مقصود شاہ صاحب اس دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نمازِ جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں مدیر جامعہ اثریہ للبنات حافظ احمد حقیق صاحب کے علاوہ ضلع بھر سے جماعتی احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

مرحوم سعودی عرب میں کافی عرصہ ملازمت کرنے کی وجہ سے علاقہ میں اولین نظریاتی اہلحدیث تھے۔ مرحوم کا بڑا وسیع قرآن وحدیث کا مطالعہ تھا۔ جس مجلس میں بھی موقع ملتا قرآن وحدیث کی تبلیغ کرتے۔ ان کے گاؤں میں بریلوی مسلک کے ایک بڑے رہنماء نے اپنے کسی مقتدی کی نمازِ جنازہ بغیر فاتحہ کے پڑھانے کے بعد جب یہ کہا کہ تین بار سورۃ فاتحہ اور چاروں قل پڑھو تو مقصود شاہ صاحب نے ببانگ دھل کہا کہ سورۃ فاتحہ کو نمازِ جنازہ میں کیوں نہیں پڑھا؟ اب کیوں اور کس لئے پڑھنے کیلئے کہہ رہے ہو؟؟ "بڑے لیڈر" کوئی جواب دیئے بغیر چلے گئے اور مرحوم کا یہ سوال آج تک تشنۂ جواب ہے!!! اللہ تعالیٰ مرحوم کی خواہش کے مطابق علاقہ میں توحید وسنت کا جھنڈا بلند فرمائے۔ آمین۔

محمد اعظم، میاں محمود احمد (واپڈا) اور زاہد الرحمان صاحبان کو صدمہ

ڈھوک عبداللہ میں جماعتی ساتھ جناب محمد اعظم صاحب کے جواں سال بیٹے محمد ابرار مورخہ ۷ جنوری کو ایک زیرِ تعمیر عمارت کا گاڈر گرنے سے شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم بڑے نیک دل نوجوان تھے۔ ان کی نمازِ جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی جس میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

مسعود احمد، محمود احمد اور غضنفر علی صاحبان کو صدمہ

مسعود احمد و محمود احمد صاحبان کے بھنوئی وکزن احمد شجاع کیانی ولد عبدالجبار مورخہ ۲۶ جنوری بروز جمعہ کو اچانک ہارٹ اٹیک سے انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ سوگواروں میں بیوی اور دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

عبدالرشید صاحب، باؤ بشیر صاحب، حاجی عبدالستار اور عبدالغفار صاحبان کو صدمہ

عبدالرشید صاحب کی والدہ محترمہ اور بزرگ باؤ بشیر صاحب کی بھابھی اور حاجی عبدالستار و عبدالغفار صاحبان کی چچی مورخہ ۱۲ فروری بروز سوموار کو انتقال فرماگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند بڑی متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ ان کی نمازِ جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

زاہد محمود برادران کو صدمہ

زاہد سینٹری سٹور والے زاہد محمود صاحب کے والد محترم مرزا محمد یوسف صاحب مورخہ ۱۸ فروری کو اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

شیخ عبدالوحید کا انتقال پر ملال

شیخ محمد سلیم مرحوم کے بیٹے شیخ عبدالوحید (المعروف کیپٹن) طویل عرصہ بیمار رہنے کے بعد گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم و صلوۃ کے پابند تھے۔ اور بڑی گہری جماعتی وابستگی رکھتے تھے۔

ادارہ "حرمین" و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا ہے کہ اللہ رب العزت ان کی غلطیوں کو تاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطاء فرمائے۔ آمین۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم

جامعہ علوم اثریہ جہلم میں ہر جمعۃ المبارک کو بعد از نمازِ مغرب

درسِ قرآن وحدیث

بعنوان: کتاب و سنت کی روشنی میں عقیدہ و عمل

مجاہد ختم نبوت و قائد تحفظ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان

رئیس الجامعہ **علامہ محمد مدنی** صاحب ایم۔اے (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

ارشاد فرمایا کریں گے۔ ان شاء اللہ

جملہ اہلِ اسلام سے شرکت کی درخواست ہے۔

؎ صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کیلئے

الداعیان الی الفوز والفلاح : **اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم۔**